پند نامہ فاضل

مسمی بہ

تحفۂ عثمانیہ

جو بنام نامی شاہزادۂ بلند اقبال حضرت میر عثمان علیخان بہادر زاد اللہ
فی عمرہ و اقبالہ کے معنون کیا گیا ہے جسکے سو شعر مین ایکسو بیس احادیث کا
جو از قسم جوامع الکلم با قل و دل ہین سلیس نظم فارسی مین ترجمہ کیا گیا ہو اور سمائین
اصل حدیث مع ترجمہ اردو لکھدیگئی ہو اور باقی اشعار مین ضروری اور کار آمد نصائح
اور منتخب و لاجواب حکم حکماے عرب و عجم کے کتب عربیہ و غیرہ سے ترجمہ و منظوم ہین

صنفہ العبد الضعیف
قطب الدین محمود علی حیدرآبادی

بماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۳ ہجری
در مطبع صاحب دکن طبع شد

فہرست کتاب پندنامہ فاضل مسمّیٰ بتحفۂ عثمانیہ

صحت نامہ خطبہ و دیباچہ پندنامہ فاضل

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۶	سبلیم	سلیم
۲	۶	بھہی ا	بھی
۳	۱۴	نافصنہ	ناقصہ
۳	۱۸	نیکنیوسکے	نیکیونکی
۴	۱۱	اخلاق	جو اخلاق
۴	۱۲	امن	اس
۴	۱۴	قدری قلیل	قدر قلیل
۴	۱۶	مغرقت	مغفرت
۴	۲۰	اجرا	اجزا
۵	۹	اورا و ٹھیکا	×
۶	۷	ہر کی	ہر کی را

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶	۸	رح	رح سے
۶	۱۰	ہیں	ہے
۶	۲۱	ان	اس
۷	۹	پندفاضل	پندنامۂ فاضل
۷	۱۵	انخاح	انجاح
۷	۸	فعولن فعولن	فعولن
۷	۸	آنٹھہ مار	آنٹھہ بار
۸	۱	لن ما	لن
۸	۱	فعلن ہے	فعلن
۸	۶	شبائیں	نہ شنائیں
۸	۷	مظر	مقر
۸	۱۲	رسوہم کریم	رسول کریم
واغمضنا عن الاغلاط الیسیرۃ لا یتعسر اصلاحہا علی القاری			

نذرانہ

میں اس اسلامی رسالہ کو
جو مظہر اخلاق نبویہ و جامع محاسن آداب ہے
ولیعہد دولت علیہ آصفیہ یعنی شاہزادہ بلند اقبال حضرت میر عثمان علیخان بہادر
زاد اللہ فی عمرہ و اقبالہ و عزہ و جلالہ کے نام نامی سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہوں
اور بکمال عجز و ادب اعلیحضرت فلک حشمت حضور پر نور بندگان عالی مدظلہ العالی
کی خدمت فیضدرجت میں پیش کر کے امید کرتا ہوں کہ یہ مبارک رسالہ حضرت ولیعہد بہادر
کے درس میں خصوصاً اور جملہ اطفال اہل اسلام کے
نصاب تعلیم میں عموماً داخل رہیگا

احقر الخدام
خاکسار قطب الدین محمود علی حیدرآبادی

قطعہ دعائیہ

تا بچرخ است مہر و ماہ را گردش	تا بہ ہر است گردش مہ و سال
حکمران باد در بلاد دکن	شاہ و شہزادۂ بلند اقبال

ایضاً

باد محمود تا ابد یارب	سایہ شاہ و شاہزادہ ما
شکر ایشان بما بود واجب	تا زمانست در ارادۂ ما

قصیدہ مدحیہ

نسیم الصبا اذہبی بالسلام ۔ الی من تعالی الیہ کلامی

الم تعلمی انہ من ملوک ۔ لقد اورثوا الملک عن نظام

ومن آل مجد تخر البرایا ۔ لہم سجدا من زمان القدام

لقد فاق فی الخلق والخلق طرا ۔ کراما فہذا کریم الکرام

سدید المقال شدید المحال ۔ صفی الجمال وفی الذمام

لدی الحرب لیث یبید الاعادی ۔ لدی الجود غیث مروی الانام

سری شری تقی نقی ۔ ذکی زکی علی المقام

وضی رضی ملکی حمی ۔ صفی حفی اجل العظام

ویاتی الانام الیہ اذا ما ۔ اشد الدواہی رمی بالسہام

ودارت علیہم رحی الدہر دورا ۔ جفاء واضنی امتداد السقام

فامسی نزیل الذی نابہم من ۔ شرور ومن داہیات جسام

لقد عمہم کل البرایا بجود ۔ کمزن السما فی شفاء الاوام

یہد الجحفل الغمر فی کل صعب ۔ وصمصامہ غیر کل کہام

وان انہ مثل کان شمسا ۔ اشعتہا اشرقت فی الظلام

وطلق المحیا تراہ مضیا ۔ کبرق السماء لدی الابتسام

رفیع العماد اخو المکرمات ۔ ذو المجد والفخر والاحتشام

فابقاہما اللہ مولی الموالی ۔ بنیل الامانی وفوز المرام

از جامد الطبیعہ خامد القریحہ خاکسار قطب الدین محمود علی حیدرآبادی

پندنامہ فاضل

ہم وزن وہم تعداد اشعار پندنامہ سعدی عرف کریما جسکے ۹۸ شعر مین اکتیس
اون احادیث کا جنکو ائمۂ حدیث نے مدار اسلام و جامع قواعد اسلام و انواع
علوم و آداب اور قلیل المبانی و کثیر المعانی اور از قسم جوامع الکلم او ربدایع
حکم فرمایا ہے سلیس نظم فارسی مین ترجمہ کیا گیا ہی اور باقی
اشعار مین نصایح و حکم حکمای عرب و عجم قریب سواسو کی باب پنجم
نفحۃ الیمن اور دیگر کتب سے ترجمہ و انتخاب کرکے منظوم کیے گئے ہین

مصنفہ

خاکسار قطب الدین محمود علی حیدرآبادی

اعلان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انسان کے نائب الٰہی اور افضل المخلوقات ہونیکے دلائل نقلی وعقلی اور انسان کی درجہ بدرجہ ترقی درجۂ اخس سے اوج کمال تک

آیات بینات انی جاعل فی الارض خلیفہ اور آیت ہو الذی جعلکم خلائف فی الارض اور آیت انا عرضنا الامانة[ع] علی السموات والارض فابین ان یحملنہا واشفقن منہا وحملہا الانسان با واز بلند کہہ رہے ہین کہ پیدائش حضرت انسان کی غایت نیابت الٰہی ہے اور عقل سلیم بھی یہی بتلاتی ہے کہ جملہ مخلوقات سے اگر کوئی مخلوق مستحق نیابت حضرت ذو العزت ہے تو وہ بھی ضعیف البنیان جناب انسان ہے اسلئے کہ انسان مین صفات متقابلہ ومتضادہ کی ایسی قابلیت رکھی گئی ہے کہ جسکی وجہ سے وہ حضرت باری عز اسمہ کے اسماء متقابلہ کا مظہر ہو سکتا ہے اور عالم صورت ومعنی مین قیام کرسکتا ہے ایسی قابلیت دوسری مخلوق مین نہین ہے کیونکہ ملائکہ کو بوجہ روحانیت کے اشراقات علمی اور لذات عقلی گو فطرتاً حاصل ہین مگر ہیولی اور صورت جسمانیہ اور مادہ کی کثافت ان مین نہین ہے اور اجرام فلکی گو نفس ناطقہ ہین مگر کمالات انکے خلقی ہونیکے علاوہ مختلف کیفیتونکو ان مین راہ نہین ہے طبقہ جنات مین بھی مادہ کی کثافت نہین ہے بخلاف انسان کے کہ تمام اطوار عالم پر محیط اور حاوی ہے ابتدای آفرینش مین بحالت نطفہ کے جمادات سے تھا اس سے مرتبہ نمو مین پہونچا اور اس سے مرتبہ حیوانیت کو پہونچا اور وہان سے درجۂ انسانیت کو پایا جب اس درجہ مین اعتدال مزاج وتعدیل قوی جسمانی وحیوانی کیا اجرام فلکی کے مقابل ہوا اور اس صفائی کی

ع لفظ امانت سے مراد محققین کے پاس خلافت الٰہی ہے کہ جسکا بار سوای انسان کے کوئی اوٹھانیکے قابل نہین ہے ۔

وجہ سے صورتہای گذشتہ اور آیندہ سے اوسکا نفس منتقش ہوتا ہی مثل نفوس فلکیہ کے اور جب اس سے بھی فائق ہوا اور نفی ماسوی اللہ کرکے رفعت اختیار کی اور خالص وحدت مشاہدہ کو مرتبہ میں نفس مین ثابت اور محقق ہوگئی بموجب حدیث قدسی - اذا تقرب العبد الی بالنوافل احببتہ الی آخرہ اور جس درجہ پر پہونچگا جسکو ملائکہ مقربین بھی نہین پاسکتی قطعہ راقم ازان سوی ملک گذشتہ اشارۂ حق سمجھ سکا - کہ مین کیا تھا اور کیا بنایا مجھے - بڑا یا جا بجا مجھکو اسفل کہ اپنے مین آخر ملایا مجھے - غرض کہ انسان جسکا امر کی وجہ سے حیوانیت اور رذائل سے مخلی اور فضائل و کمالات کو محلی ہو وہ علم تہذیب اخلاق ہے اسی لیئے باتفاق علماء کرام و حکماء ذوی الاحترام یہ علم تمام علوم سے بہتر ہے حق سبحانہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہے - تخلقوا باخلاق اللہ -

اسلام نے علم تہذیب اخلاق کو انتہا درجہ کمال پر پہونچا دیا ہے

مذہب اسلام نے اس علم کو انتہا درجہ کی ترقی دی اور معراج کمال پر پہونچا دیا ہے کہ زائد اس سے متصور نہین ہوسکتا بانی مذہب اسلام علیہ التحیۃ والسلام کا ارشاد ہی انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق اور اس کی تائید بزرگان دین اسلام کی علم و عمل اور کتب اہل اسلام بلکہ حکماے فلاسفہ کی اسفار سے بھی بخوبی ہوتی ہے جسمین انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ شریعت محمدیہ اور وحی ربانی نے اس علم کو اس طرح بیان کیا ہے کہ کسی کو اسمین تحریر و ترمیم کی مجال نہ رہی -

آیات واحادیث دربارہ تاکید تعلیم وتفہیم اس علم کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

اور چونکہ یہ حکمت عملی طب روحانی ہے کہ جسکی وجہ سے اعتدال اخلاق کی حفاظت کر سکتے ہین جو بمنزلہ حفظ صحت کے ہو اور نیز اوسکی وجہ سے نفوس مائل بہ کجی اعتدال کی طرف پہیر سکتے ہین جو بمنزلہ علاج اور دفع مرض کے ہے لہذا حق سبحانہ تعالی اس عمل و علم کی تعلیم و تفہیم کو جاری رکھنے کے لیے بطور فرض کفایہ تمام اہل اسلام کو حکم دیتا ہے ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر و یامرون بالمعروف و ینہون عن المنکر و اولئک ہم المفلحون یعنے تم مین سے ایک ایسا گروہ بھی ہونا چاہیے جو لوگونکو نیکی کی طرف بلائین اور نیک باتین بتلائین اور بری باتون سے منع کرین اور ایسے ہی لوگ فلاحیت پانیوالے ہین اور دراصل یہ نائب انبیا ہین اور اوسی کے لیے ارشاد فرماتا ہے - کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر و تؤمنون باللہ یعنے تم ای اہل اسلام اچھی امت ہو جو لوگون کے لئے پیدا کی گئی ہو کہ اپنی تکمیل کے علاوہ دوسرون کو

بھی نیک باتونکی تعلیم کیا کرتے ہو اور بُری باتونسے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو تامرون بالمعروف وتنہون
عن المنکر مین تکمیل قوت عملیہ کے طرف اشارہ ہی اور تومنون باللہ مین تکمیل قوت علمیہ کی طرف - رسول اللہ صلعم نے
بھی اسی تعلیم و تفہیم پر بنا دین رکھی ہی چنانچہ ارشاد فرمایا کہ الدین النصیحۃ و احب الاعمال الامر بالمعروف والنہی عن المنکر

تہذیب اخلاق مین مذہب کو بڑا دخل ہی
سوا مذہب کے کوئی شی اخلاق حسنہ کے لازم پکڑنے کا باعث نہین ہوتی

یہ امر بھی یاد رکھنے کے قابل ہی کہ تہذیب اخلاق مین مذہب کو بہت بڑا دخل ہی سوائے
مذہبی خیالات کے کوئی شی ایسی نہین ہی جو انسانکو اخلاق ذمیمہ کے چھوڑنے اور اخلاق حسنہ
لازم پکڑنیکا ایک باعث قوی ہو قانون سیاست مدن اپنی آپکو بھلا آدمی ظاہر کرنیکا خیال
لوگونکے بدلہ لینیکا اندیشہ غرض کوئی شی مثل مذہب کے محاسن اخلاق کی محرک نہین ہو سکتی اسی لئے جو شخص کسی مذہب کا
پابند نہو اوسکے اخلاق و عادات پر ہرگز اعتماد نہین ہو سکتا -

اصول تہذیب اخلاق مین کل مذاہب متفق ہین -

تہذیب اخلاق کے اصول مین کل مذاہب متفق ہین کسی کو اونمین اختلاف ہی نہین ہے
زمانہ ہزار روش بدلی مگر انکو کبھی بدل نسکیگا اور نہ انمین کوئی تبدیل و تحریف ہوگی جو اخلاق
محمود ہین وہ کل اقوام کے پاس محمود ہین اور جو اخلاق مذموم ہین وہ کل کے پاس مذموم ہین عقل سلیم کو اونمین کچھ اختلاف نہین ہو سکتا

وجہ تصنیف کتاب و تقسیم ابواب

پس اس علم کے عالم اور عامل اور معلم اور متعلم کی فضیلت اور اوسکی ضرورت کے لحاظ سے
مجھے یہ خیال پیدا ہوا کہ گو مجھسے میرے نفس کی تکمیل نہو سکی اور میرا نفس صدہا امراض معنویہ مین مبتلا ہی مگر اللہ تعالی نے
مجھے زبان اور عقل اور قدرے قلیل علم جو دیا ہی اوس سے کام لون اور امر بالمعروف و النہی عن المنکر کرون شاید کوئی بندۂ خدا
بمقتضای حدیث کلمۃ الحکمۃ ضالۃ المؤمن اینما وجدہا فہو احق بہا میری کہی ہوئی پر عمل کرے اور اسکی بدولت وہ ارحم
الراحمین و بخشندہ نوازندہ نیازمند مجھ نامہ سیاہ پُر گناہ کی مغفرت فرماوے اسی لئے مین نے بانی مذہب اسلام کے ان احادیث
سے جو متعلق تہذیب اخلاق و حکمت و ادب ہین انتخاب کرکے اکیس احادیث کو بحساب فی باب چالیس حدیث کے مرتب کیا

وجہ نظم کتاب

اور چونکہ نظم نفس انسانی مین زیادہ اثر کرتی ہی اور جلد یاد بھی ہو جاتی ہے لہذا
مین نے سلیس نظم فارسی مین ان لآلی آبدار کو پرونا مناسب خیال کیا -

کتب احادیث کے اقسام اور اربعین کی تعریف

کتب احادیث کے اقسام جامع مسند معجم اجزا رسائل اربعین ہین مین نے قسم آخر یعنی اربعین سے
اس کتاب کا اکثر حصہ اخذ کیا ہی اربعین وہ ہی کہ ایک باب یا ابواب متفرقہ مین ایک سند

یا اسانید متفرقہ سے چالیس حدیثیں جمع کیجائیں بنا بر تالیف اسکی اس حدیث پر ہے جو بروایات مختلفہ و بطرق متعدد منقول ہے کہ

حدیث فضیلت اربعین میں

رسول اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا من حفظ علی امتی اربعین حدیثا من امر دینها بعثه الله تعالی فی زمرة العلماء والفقهاء یعنی جو شخص حفظ کروایا اور پہونچایا میری امت کو چالیس حدیثیں متعلق امور دین کے اللہ تعالی بروز قیامت اوسکو گروہ علما و فقہا میں اٹھائیگا اور ایک روایت میں ہے کہ حق تعالی بروز قیامت فقیہ اور عالم اوٹھا دیگا اور ایک روایت میں ہے کہ میں اوسکا شافع و شاہد ہونگا اور ایک روایت میں ہے کہ اوسکو کہا جائیگا جس دروازہ سے جنت کے چاہے داخل ہو اور ایک روایت میں ہے کہ وہ شخص گروہ علما میں لکھا جائیگا اور شہدا کے گروہ میں مبعوث ہوگا۔

حدیث مذکورہ کا ضعف اور رفع ضعف

باوجود تعدد طرق کے حفاظ حدیث نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ باتفاق علماء فضائل اعمال میں حدیث ضعیف پر عمل جائز ہے اور قطع نظر اسکے متعدد صحیح احادیث سے جو فضیلت علم اور تبلیغ علم میں مروی ہیں اس حدیث کے مفہوم کی تائید ہوتی ہے اسلیئے بڑے بڑے ائمہ حدیث نے چہل حدیثیں تالیف فرمائی ہیں

نام اون ائمہ حدیث کا جنہوں نے چہل حدیثیں تالیف کی ہیں

چند ائمہ کے نام یہان تحریر ہوتے ہیں سب سے اول اسکی تالیف رئیس المحدثین عبداللہ بن مبارک نے فرمائی پھر محمد بن اسلم طوسی پھر ابن سفیان نسوی پھر ابو بکر اجری پھر ابو بکر محمد بن ابراہیم اصفہانی اور دارقطنی حاکم ابو نعیم عبدالرحمن سلمی ابو سعید مالینی ابو عثمان صابونی عبداللہ بن محمد انصاری ابو بکر بیہقی امام نووی شیخ علی متقی مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی وغیرہ وغیرہ علما و فضلا جنکی صحیح تعداد سوائے علام الغیوب کے کوئی نہیں بتلا سکتا

ان چہل حدیثوں کا بیان جن سے یہہ کتاب مرتب ہوئی ہے

اربعینات میں منتخب احادیث جمع کیے جاتے ہیں جن اربعینات سے یہ اخذ کیا ہے وہ یہ ہیں (۱) چہل حدیث کنز العمال مولفہ شیخ علی متقی رحمہ اللہ (۲) چہل حدیث امام نووی رح (۳) چہل حدیث مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی رح (۴) ان (۴۰) احادیث سے جو فصاحت لسان اور جوامع کلم اور بدائع بیان اور غرائب حکم رسول اللہ صلعم کے بیان میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رح نے مدارج النبوۃ میں بطور نمونہ کے درج فرمائی ہیں

چہل حدیث کنز العمال کی سند اور اوسکی فضیلت اور ثواب۔

چہل حدیث کنز العمال میں عقائد ارکان اسلام و فضائل عبادات و آداب و اخلاق میں ایسے احادیث مروی ہیں جنسے غالبًا کوئی کتاب حدیث خالی نہوگی لہذا سوائے سند کتاب مذکور کے دوسری سندیں نہیں لکھی گئی سند مذکور یہ ہے۔ روایت کیا ان احادیث کو حافظ ابو القاسم عبدالرحمن بن محمد بن اسحق بن منده اور ابو الحسن علی بن ابو القاسم بن بابویہ رازی اربعین میں اور ابن عساکر اور رافعی حضرت سلمان رضہ سے کہ انہون نے کہا میں نے

رسول اللہ صلعم سے پوچھا اوس چہل حدیث سے جسکے حق مین آپ نے فرمایا ہے جو شخص میری امت سے اونکو یاد کر لے داخل بہشت ہوگا
مین نے پوچھا وہ کون سی حدیثین ہین یا رسول اللہ تو آپ نے اون احادیث کو بیان فرمایا آخر مین نے عرض کیا اُن چہل حدیث کو
جو یاد کر لے اوسکا کیا ثواب ہے آپ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالی اوسکا حشر علما اور انبیا کے ساتھ کریگا

چہل حدیث مدارج النبوۃ کی فضیلت اور جامعیت اور تخریج جو راقم نے کی ہے

مدارج النبوۃ کی اڑتالیس احادیث سے مین نے چالیس حدیثین منتخب کر کے باب دوم مین اوسکا ترجمہ نظم کیا ہے ان احادیث کی جامعیت اور توصیف کا بیان شیخ نے ان الفاظ
مین فرمایا ہے۔ ہرچہ ازین کلمات گنجینہ ایست مشتمل بر عجائب و غرائب آداب دین و دنیا و قاعدہ الیست متضمن سعادت اولی و اخری و
ہر یکی شرحی دبیانی ہست کہ اگر ذکر کنند بدفاتر در نگنجد مدارج النبوۃ جلد اول باب اول ان احادیث کو شیخ رح نے بلا تخریج یعنی بلا بیان
اسم راوی تحریر فرمایا تہا خاکسار نے ان احادیث کی تخریج کر دی ہے اور حاشیہ مین ہر حدیث معہ نام راوی کے لکھدیا ہے۔

باب سوم مین انتخاب چہل حدیث امام نووی و مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی رح منظوم مع احادیث منتخبہ راقم

اس کتاب کے باب سوم مین چہل حدیث امام نووی و مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی رح کا انتخاب درج ہے اس لئے کہ اس کتاب کے باب اول و دوم مین ان دونون چہل حدیث کے بعض احادیث آگئی ہین اور بعض ناسخ فیہ اور مقصود کے موافق نہ تہین ترک کر دی گئے ہین اور بجای اونکے دیگر کتب
احادیث سے اسی قسم کے احادیث راقم نے انتخاب کر کے مترجم اور منظوم کیا ہے اور حاشیہ مین ہر حدیث معہ نام راوی کے لکھدی ہے

رای امام نووی رح کی نسبت اُن احادیث کے

ان احادیث کی نسبت امام نووی رح نے ارشاد فرمایا ہے کہ بعض حدیث اسمین سے مدار اسلام ہے
جنمین حدیث الدین النصیحہ اور بعض نصف دین ہے اور بعض ثلث دین ہے اور یہ احادیث جامع قواعد اسلام و انواع علوم اصولی و فروعی
و انواع آداب ہین ان احادیث کے راویونکے نام خود امام نووی رح نے بیان فرمایا ہے لہذا حدیثین معہ نام راوی حاشیہ مین لکھدی گئی ہین

چہل حدیث مولانا شاہ ولی اللہ دہلوی کی اسناد

چہل حدیث مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح ایک ہی سند سے مروی ہے سند مذکور ایکا نام اس طرح مرقوم ہے ثنا فھنی ابو الطاہر المدنی عن ابیہ عن زین العابدین
عن ابیہ عن جدہ یحیی عن جدہ المحب عن عم ابیہ عن ابیہ احمد عن ابیہ عن ابی القاسم عن السید ابی محمد عن والدہ ابی الحسن عن والدہ
عن ابی علی عن والدہ محمد عن والدہ عن ابی القاسم عن والدہ ابی محمد عن والدہ الحسین عن والدہ جعفر عن ابیہ عبد اللہ عن
ابیہ زین العابدین عن ابیہ امام حسین عن ابیہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اجمعین عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سند مذکورہ کا سادات کرام سے

اسکی اسناد مین بڑی خوبی یہ ہے کہ سلسلہ سادات کرام سے منقول و مروی ہے

منقول ہونا معہ دیگر تخریج کے جسکو قسم نے کیا ہے اور ان احادیث کی جامعیت

اور ایکی سند سے چالیس حدیثین مروی ہین خاکسار نے سواے ان اسناد کے دوسری تخریج بھی کر دی ہے ان احادیث کی جامعیت کو شاہ صاحب نے نہایت جامع اور مختصر الفاظ مین اس طرح بیان فرمایا ہے - کہ مبانیہا یسیرۃ ومعانیہا کثیرۃ -

اس کتاب کی نصف آخر کا بیان

باب چہارم مین اس کتاب کے چند کلمات حضرات صوفیہ کرام کے جو نہایت صاف اور ہر شخص کے فہم کے قابل ہین لکھے گئے ہین جیسے تصوف و بندگی و معنی محبت اور تفکر و اہتمام وغیرہ باب پنجم مین اس کتاب کے نفحۃ الیمن فیما یزول بذکرہ الشجن کے باب پنجم سے نصائح اور حکم حکما و فضلا انتخاب کر کے مترجم و منظوم کئے گئے ہین مگر چند اشعار مین دیگر کتب کے مضامین کا ترجمہ ہے باب ششم مین صد پند سود مند حکیم لقمان وغیرہ سے انتخاب کر کے نصائح منظوم کی گئی ہین ان تینون ابواب مین قریب سوا سو کے نصائح و حکم منظوم ہین

باوجود اس کتاب کے نہایت صغیر الحجم ہونیکے تمام اجل مکارم اخلاق کی جامعیت اور یہ کہ کتاب ہذا اس فن کی ضخیم کتب کی لب لباب ہے

باوجود اس رسالہ کے جو خاکسار کے تخلص کے لحاظ سے موسوم بہ پند فاضل ہے نہایت صغیر الحجم ہونیکے اوسمین اون تمام محاسن اخلاق کے متعلق نصیحت کی گئی ہے اور اوسکی طرف توجہ دلائی گئی ہے جو ضخیم ضخیم کتب اخلاق مین بیان ہوئے ہین صرف اجمال و تفصیل کا فرق ہے والعاقل تکفیہ الاشارہ - یعنی عقائد - عبادت - اخلاص زہد شکر صبر رضا توکل قناعت حیا و غیرت عفت ادب علو ہمت عزم جد و جہد ثبات و استقلال عدل عفو - حلم - اتفاق خلق و رفق شفقت و محبت تواضع و احترام خیرات و مبرات سخاوت و احسان امانت و دیانت وفاء عہد صدق انجاح حاجات خلائق تامل و تفکر مشاورت و تدبیر و دور اندیشی شجاعت سیاست فراست خاموشی بیداری سعی کسب و تحصیل کمال کتمان راز غنیمت جاننا اور قدر کرنا فرصت اور وقت کا صحبت اخیار اجتناب اشرار خدمت قوم عبرت رعایت حقوق خلائق صغار و کبار جار و مہمان تربیت اولاد وغیرہ وغیرہ -

بیان بحر عروضی

جس بحر مین یہ کتاب لکھی گئی ہے وہ بحر متقارب ہے جسکا اصلی وزن ہے فعولن آٹھ بار یہ بحر سالم بھی مستعمل ہے اور مزاحف بھی اور زحافات سے اسمین تسبیغ و قصر و حذف و قبض و ثلم واقع ہوتے ہین تسبیغ سے عروض و ضرب مین فعولان ہو جاتا ہے جو ناپسندیدہ ہے کیونکہ حرف آخر ضرب دائرہ سے باہر ہے اور قصر سے فعول بسکون لام ہوتا ہے اور حذف سے فعو رہتا ہے جسکو جاے فعل لایا جاتا ہے اور قبض سے

فعولٌ بضم لام ہوتا ہے اور سلم سے عولنٌ رہجاتا ہے جسکی جاے فعْلن لایا جاتا ہے ۔

ترجمہ عبارات عربیہ مین پابندی الفاظ کی نہین کیگئی ہے اور ترجمہ تحت اللفظ نہین کیا گیا ہے

بجز باب ششم کے اس کتاب کے اور ابواب عربی سے ترجمہ کئے گئے ہین ترجمہ امر آسان نہین ہے خصوصًا نظم مین اسلئے ناظرین پہ تمکین کی خدمت مین عرض ہے کہ اگر کسی حدیث و نصیحت کے ترجمہ مین وہ کسی امر کی کوتاہی پائین اور وہ اوس سے عمدہ ترجمہ اوسکا کرسکین تو اس وجہ سے اس ہیچمدان قلیل البضاعت کو مورد طعن و تشنیع نبائین اس لئے کہ اعتبار اکثر کا ہوتا ہے قطع نظر اوسکے یہ حقیر بتقصیر جہالت و بے علمی کا پوری طرح مقر ہے اور یہہ بھی واضح رہے کہ ترجمہ عبارات مین پابندی الفاظ عربیہ کی نہین کیگئی ہے بلکہ حاصل مطلب حدیث و نصیحت کا نظم کیا گیا ہے اور بعض جا شروح وغیرہ کوی عمدہ بات زیادہ کیگئی ہے کیونکہ دراصل مقصود مطالب حدیث یا حکمت کی تفہیم ہے نہ ترجمہ لغات و عبارات عربی کی تعلیم ۔

یہہ کتاب داخل درس طلبا فارسی خوان ہونا چاہئے ۔

میری رای مین یہہ کتاب اس قابل ہے کہ لڑکون کو فارسی مین کسی قدر استعداد ہو جانیکے بعد پڑہائی جاے بلکہ حفظ کرادی جاے تاکہ استعداد کو ترقی اور زبان آشنائی ہونیکے علاوہ سعلم و متعلم دونون مستوجب بشارت رسول کریم علیہ افضل الصلواۃ و اکمل التسلیم اور مستحق اجر عظیم ہون اور لڑکون کے دماغ مین اخلاق حسنہ و کلام حکیم ابتدای عمر ہی مین جاگزین ہو جائین تاکہ وہ اونکے ساتھ نشو و نما پاسکتے ہین اور وہ اونپر عمر بہر عامل رہین والحمد للہ اولا و آخرا و صلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین ۔

راقم آثم خاکسار ہیچمدان
قطب الدین احمد محمود علی حیدرآباد
رکن مجلس پائگاہ خاص عالیجناب
نواب سر خورشید جاہ بہادر

بسم الله الرحمن الرحیم

پس از حمد خلاق هر جزو و کل ‏ ‏ کنم نعت احمد امام رسل

رسولے که تتمیم اخلاق کرد ‏ ‏ منور بنور خود آفاق کرد

عَلَیهِ مِنَ اللّٰهِ رَبِّ الاَنَام ‏ ‏ مَعَ الآلِ وَالصَّحبِ اَزکَی السَّلَام*

وزان پس رقم میکنم چند پند ‏ ‏ که باشد خردمند را سودمند

ز خواننده اش دارم این آرزو ‏ ‏ که یادم کند با دعا نیکو

کریما کرم کن بحق رسول ‏ ‏ لِاَنِّی اَنَا ظَلُومٌ جَهُول**

باب اول در نظم ترجمهٔ چهل حدیث الکمال

بزد حرف حکمت رسول امم ‏ ‏ که ایمان بذات خدا آر و هم(۱)

بجمله فرستادگان و کتاب ‏ ‏ به بعث و ملائک بروز حساب

بتقدیر شر و بتقدیر خیر ‏ ‏ که هر کار از حق بود نے ز غیر(۱)

(۱) ان تومن بالله والیوم الآخر والملائکة والکتاب والنبیین والبعث بعد الموت والقدر خیره وشره من الله تعالی ـ

یہ کہ تو ایمان لاوے اللہ تعالیٰ پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور کتاب اور نبیوں پر اور جی اٹھنے پر بعد موت کے اور تقدیر پر کہ برائی اور بھلائی اوس کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے

* بر او از خداے پروردگار جمله آفریدگان با آل و اصحاب اکثر سلام

** زیرا که من گنهگار ظالم بر نفس خود و جاهل ترا ام

بگو از زبان و بدل کن قبول ۔۔۔ خدا واحد است و محمد رسول (۱)
بکامل وضو کن ادای صلوة ۔۔۔ باوقات و ہم صوم شہر و زکوة (۲)
گر استطاعت بود و سبیل ۔۔۔ بکن حج بیت الحرام ای خلیل (۳)
بہر روز و شب شش دوگانہ گذار (۴) ۔۔۔ مکن ترک وتر شبی زینہار (۵)
ز عیدین و آدینہ غافل مباش (۶) ۔۔۔ سوی بازی و لہو شاغل مباش (۷)
بکن صبر بر ہر بلای شدید ۔۔۔ مکن ترک ورد کلام مجید (۸)
جدا از قسمہای تزویر باش (۹) ۔۔۔ بہ تسبیح و تہلیل و تکبیر باش (۱۰)
برای خدا مرد زانی مشو ۔۔۔ ملکش ساغر خمر و جانی مشو (۱۱)
مکن شرک و دین در تباہی مدہ (۱۲) ۔۔۔ خدا را بہ باطل گواہی مدہ (۱۳)

(۱) وان تشہد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ۔
(۲) وتصلی الصلوٰة بوضوء سابغ لوقتہا وتؤتی الزکوة وتصوم رمضان
(۳) وتحج البیت ان کان لک مال
(۴) وتصلی اثنتا عشر رکعة فی کل یوم ولیلة۔
(۵) والوتر لا تترکہ فی کل لیلة
(۶) ولا تدع حضور الجمعة والعیدین
(۷) ولا تلعب ولا تلہ مع اللاہین
(۸) وتصبر علی البلاء والمصیبة۔ ولا تدع قراءة القرآن
(۹) ولا تحلف باللہ کاذبا
(۱۰) واکثر من التسبیح والتہلیل والتکبیر۔
(۱۱) ولا تشرب الخمر ولا تزن
(۱۲) ولا تشرک باللہ شیئا
(۱۳) ولا تشہد شہادة زور

یہ کہ تو گواہی دے کہ نہیں ہے کوئی معبود موجود غیر اللہ کا اور محمد رسول اللہ کے ہیں۔
اور کامل وضو سے ہر وقت نماز پڑھا کرے اور زکواة دیا کرے اور روزہ رکھے
اگر مال و استطاعت ہو تو حج کعبة اللہ کرے۔
دن رات میں بارہ رکعت نماز سنت پڑھا کرے۔
وتر کسی رات میں نہ چھوڑے
جمعہ اور عیدین کا حاضر ہونا مت چھوڑ
اور کھیل کھود کرنے والوں کے ساتھ لہو و لعب مت کر
بلا اور مصیبت پر صبر کرے۔ قرآن پڑھنا مت چھوڑ۔
خدا کی قسم جھوٹی مت کہا
سبحان اللہ لا الہ الا اللہ اللہ اکبر بہت پڑھا کر
شراب مت پی زنا مت کر
خدا کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کر۔
جھوٹی گواہی نہ دے

مرنجان دل مادر و هم پدر (۱)
به بیداد مال یتیمی مبر (۲)

مکن با هوا و هوس هیچ کار (۳)
خیانت روا با مسلمان مدار (۴)

مرو با نمیمه میان دو کس (۵)
بزشتی مکن ذکر مسلم به پس (۶)

ز خویشان نباشی تعلق گسل (۷)
طریق تمسخر بمردم بهل (۸)

نگهدار از لعن مردم زبان (۹)
مکن قذف هر محصنه از زنان (۱۰)

تو کوتاه و را کوته اصلا مخوان
چو مد نظر عیب باشد ازان (۱۱)

هر انچه رسیدت بدان بی خطا
هر انچه خطا کرد بد نارسا (۱۲)

بشکر خدا باش رطب اللسان (۱۳)
مشو ایمن از قهر او یک زمان (۱۴)

(۱) ولا تعق والدیک
(۲) ولا تاکل مال الیتیم ظلما
(۳) ولا تعمل بالهوی
(۴) ولا تغل اخاک المسلم
(۵) ولا تمش بالنمیمة بین الاخوین
(۶) ولا تغتب اخاک المسلم
(۷) ولا تقطع اقربائک وصلهم
(۸) ولا تسخر باحد من الناس
(۹) ولا تلعن احدا من خلق الله
(۱۰) ولا تقذف المحصنة
(۱۱) ولا تقل للقصیر یا قصیر یرید بذلک عیبه
(۱۲) واعلم ان ما اصابک لم یکن لیخطئک وما اخطاک لم یکن لیصیبک
(۱۳) واشکر الله علی نعمته
(۱۴) ولا تامن من عقاب الله

ماں باپ کی نافرمانی مت کر اور انکو تکلیف نہ دے
یتیم کا مال ظلم سے مت کھا جا۔
خواہشات نفسانی پر عمل مت کر
مسلمان کے مال مین خیانت مت کر
دو مسلمان بھائیوں کے درمیان چغل خوری مت کر
مسلمان بھائی کی غیبت مت کر
قرابت دارون سے قطع قرابت نہ کر بلکہ صلہ رحمی کر
کسی شخص سے ٹھٹھا مت کر
خدا کی مخلوق سے کسی کو لعنت اور گالی گلوچ مت کر
محصنہ عورت پر بہتان زنا مت کر۔
پستہ قد کو پستہ قد مت کہہ جب اس کہنے سے عیب لگانا مقصود ہو
اور جان لے کہ جو چیز تجھی پہونچی وہ بغیر پہونچے نہ رہتی اور جو چیز نہ پہونچی اوس کا پہونچنا ممکن ہی نہ تھا۔
خدا کے نعمتوں کا شکر ادا کیا کر۔
حق تعالے کے عقاب سے نڈر نہ ہو

باب دوم در نظم ترجمہ چہل حدیث از مدارج النبوة و حیات القلوب

رسول الوری خاتم المرسلین ۔ بفرمود از وحی رب متین

مدار عملہا بہ نیت بود ۔ کہ ہر کار حسب طویت بود (۱)

ہمین است از حسن اسلام مرد ۔ کند ترک چیزی کہ سودش نکرد (۲)

کند نصح آن کو بہ ملت بود ۔ کہ دین در حقیقت نصیحت بود (۳)

بدان مسلم آن را کہ ہر مسلمی ۔ ز دست و زبانش نبیند غمی (۴)

بغیر آنچہ بر خود پسندی پسند ۔ کہ گردی ازان مومن ارجمند (۵)

زیانی بہر آنکو باغش کند ۔ کہ ماوای خود اندر آتش کند (۶)

کی آن مرد باشد با ایمان و دین ۔ کہ نبود بعہد و نباشد امین (۷)

اگر مشورت با تو گیرد دگر ۔ امین باش و بر راہ خیرش ببر (۸)

(۱) انما الاعمال بالنیات اخرجہ الشیخان

(۲) من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ رواہ الترمذی

(۳) الدین النصیحة رواہ المسلم

(۴) المسلم من سلم المسلمون من لسانہ و یدہ رواہ البخاری

(۵) لا یومن احدکم حتی یحب لاخیہ ما یحب لنفسہ اخرجہ الشیخان

(۶) من غشنا فلیس منا رواہ الترمذی

(۷) لا ایمان لمن لا امانة لہ و لا دین لمن لا عہد لہ رواہما البیہقی و ابن النجار

(۸) المستشار موتمن رواہ الترمذی

اعمال نیتون کے ساتھ ہین

آدمی کے اسلام کی خوبی سے بیفائدہ کام چھوڑ دینا ہے

دین نصیحت یعنے ہر شخص کی خیرخواہی ہے

مسلمان وہی ہے کہ اور مسلمان اسکے ہاتھ اور زبان سے امن میں رہیں

کوئی شخص تم مین سے مسلمان نہوگا جبتک کہ جو امور اپنے لئے پسند کرتا ہو وہی دوسرون کے لئے پسند کرے

جو شخص ہمسے فریب یا خیانت یا بدخواہی یا خباثت باطنی کرے وہ ہم مین سے نہین ہے

جس شخص کو امانت داری نہیں اوسکو ایمان نہیں اور جسکو عہد کی پابندی نہیں اوسکو دین نہین

جس سے مشورہ لیا جاے وہ امانتدار ہونا چاہیے

بود رہنما سوے فضل ثواب ۔ بہ نزدیک ایزد چو فاعل شتاب (۱)

مہر دار چو بہت ز فرزند و زن ۔ دگر ہیچ نی بہتر ادیب زن (۲)

ہمانست نیکوتر اندر انام ۔ کہ با اہل خود نیک باشد مدام (۳)

ہر آنکس کہ باشد باعمال پست ۔ نسی کی دہد در بزرگیش دست (۴)

بود وصل یاران چو مقرون بفصل ۔ فزون گردد الفت ازین گونہ وصل (۵)

نشد جمع با ہیچ شے ہیچ شے ۔ نکوتر ز حلمے کہ با علم شے (۶)

یکے تندرستی فراغت دگر ۔ درین ہر دو مغبون بسے از بشر (۷)

فسادی ز خلق بد اندر عمل ۔ چنانست کز سرکہ اندر عسل (۸)

مدہ دل بسوداے بد اصل زن ۔ حذر میکن از سبزہ زار دمن (۹)

(۱) الدال علی الخیر کفاعلہ رواہ المسلم ۔ نیکی کی راہ بتلانے والا مثل نیکی کرنے والے کے ہے

(۲) لا ترفع عصاک عن اہلک رواہ ابو نعیم ۔ اہل و عیال سے عصا مت اوٹھانے یعنی اونکو ادب دیا کر

(۳) خیرکم خیرکم لاہلہ رواہ الطبرانی ۔ تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے اہل و عیال سے زیادہ نیکی کرتا ہے

(۴) من ابطأ بہ عملہ لم یسرع بہ نسبہ خرجہ المسلم ۔ جس کو اوسکے عمل نے پیچھے رکھا اوسکو اوسکا نسب آگے نکریگا

(۵) زر غبّا تزدد حبا رواہ الطبرانی ۔ احباب سے فاصلہ سے ملاقات کیا کر محبت زیادہ ہوگی

(۶) ما جمع شیء الی شیء احسن من حلم الی علم رواہ الطبرانی ۔ کوئی شے دوسری شے کے ساتھ جمع نہیں ہوئی ہے بہتر حلم سے جو علم کے ساتھ ہو

(۷) نعمتان مغبون فیہما کثیر من الناس الصحۃ والفراغ رواہ البخاری والترمذی ۔ دو نعمتیں ہیں کہ نقصان میں ہیں (یا فریفتہ ہیں) انکے اکثر آدمی ایک تندرستی دوسری فراغت

(۸) الخلق السیء یفسد العمل کما یفسد الخل العسل رواہ الطبرانی ۔ بد خلقی عمل کو اسی طرح خراب کر دیتی ہے جیسے سرکہ شہد کو

(۹) ایاکم وخضراء الدمن رواہ الدارقطنی ۔ سبز گینوں کی سبزی سے بچو یعنی خوبصورت عورت سے جو بد اصل ہو

شے بفتح اول و سکون ثانی بلغت دری و لغت سندی بمعنی ہست باشد کہ مقابل نیست آمدہ کذافی برہان قاطع حافظ شیرازی فرماید ہ ساقی اگرت ہوای ما ہے ۔ جز بادہ میار پیش ما شے ۔

ن سے نسخہ شرح میں ہے ۔ ز حلمے کہ با علم گردد شے یافتہ ۔

بجز رفعت نیست در انکسار (۱) — بجز عزت نے بعفو عثار (۲)

زبان فصاحت از حسن مرد — توهم نباید درین امر کرد (۳)

شدید آنکه بر نفس آمد شکست — نه آنکس که شد بر بشر چیره دست (۴)

بکتمان آفات واخفاے رنج — بود از نکوئی گرانمایه گنج (۵)

الا فضل علم است بهتر ترا — ز فضل عبادت بهر دو سرا (۶)

نباشد چو خلق خوش اصلا حسب — که خلق حسن هست مقبول رب (۷)

عقیل آنکه از بهر روز قیام — عمل کرد و هم نفس را ساخت رام (۸)

همانست عاجز که شد نفس را — مطیع و تمنا کند بر خدا (۸)

بود نیمه علم حسن سوال (۹) — قناعت چو گنجینه بے زوال (۱۰)

(۱) التواضع لا یزید الا رفعة رواه المسلم — گناہوں کا بخشدینا انسان کی عزت ہی بڑھاتا ہے

(۲) العفو لا یزید العبد الا عزا رواه المسلم — عاجزی انسان کا مرتبہ ہی بلند کرتی ہے

(۳) جمال الرجل فصاحة لسانه رواه الحاکم — انسان کی زیب و زینت اوسکی زبان کی فصاحت ہے۔

(۴) لیس الشدید من غلب الناس انما الشدید من غلب نفسه رواه المسلم — شدید وہ نہیں ہے جو لوگوں پر غالب ہو شدید وہ ہے جو اپنے نفس پر غالب ہو۔

(۵) الکنوز البر کتمان المصائب — نیکی کے خزانہ مصیبتوں کا چھپانا ہے

(۶) فضل العلم خیر من فضل العبادة رواه البزاز لا حسب کحسن الخلق — علم کی بزرگی عبادت کی بزرگی سے بہتر ہے۔ مثل خوش خلقی کہ کوئی بزرگی اور شرف نہیں ہے

(۷) الکیس من دان نفسه وعمل لما بعد الموت۔ والعاجز من اتبع نفسه وتمنی علی الله رواه احمد — عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو مطیع کیا اور آخرت کیلئے نیک عمل کیا عاجز وہ ہے جسنے اتباع نفس کی اور اللہ پر تمنا رکھا۔

(۸) حسن السوال نصف العلم رواه الدیلمی — سوال کی خوبی آدھا علم ہے۔

(۹) القناعة کنز لا یفنی رواه البیہقی — قناعت ایک خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا

(۱۰) بصحیح اعتذار گذشتن از گناه رسوی کرد اسید دنیائی المنتخب المحمد بغدیر بالشیخ لعزیش وگنان ز صدة الاعرف شدیسیہ ۱۲

دوادست نصف خرد با بشر (۱) | بیان تصدق گذشتن ز شر (۲)

ز تاثیر خالی نباشد رضاع | کہ آید تغیر از و در طباع (۳)

نہ مالے نکو باشد از عاقلی (۴) | نہ فقرے بود بد تر از جاہلی (۵)

نباید کمے از تصدق بمال (۶) | مکن ترک خیرات در ہیچ حال

شماتت مکن تا خدای جہان | نسازد ترا مبتلا جای آن (۷)

بسان غریبی بسر بر جہان | ز اہل قبور است شب و روز دان (۸)

ترا حب شے میکند کور و کر (۹) | فزونش ز جا و بود بیشتر

ہر کس کہ باشد محبت ترا | شوی ہم کالبش روز جزا (۱۰)

رسول امین و امیر عرب | بفرمود المرء مع من احب

(۱) التودد الی الناس نصف العقل
(۲) ترک الشر صدقہ۔
(۳) الرضاع یغیر الطباع رواہ ابن حبان
(۴) لا مال اعز من العقل رواہ العسکری
(۵) لا فقر اشد من الجہل رواہ العسکری
(۶) ما نقص مال من صدقہ رواہ المسلم
(۷) لا تظہر الشماتۃ باخیک فیعافیہ اللہ و یبتلیک رواہ الترمذی
(۸) کن فی الدنیا کانک غریب او کعابر سبیل و عد نفسک من اصحاب القبور رواہ البخاری
(۹) حبک الشی یعمی و یصم رواہ احمد
(۱۰) المرء مع من احب اخرجہ الشیخان

محبت رکہنا لوگون سے نصف عقل ہے
برائی اور شر چھوڑ دینا بھی ایک صدقہ ہے
دودھ سے طبیعت و سرشت متغیر ہو جاتی ہے
کوئی مال عقل سے زیادہ عزیز نہیں ہے
کوئی افلاس جہالت سے زیادہ سخت اور برا نہیں ہے
صدقہ اور خیرات سے مال کم نہین ہوتا
اگر کسی مسلمان بھائی کو کوئی امر کروہ پہونچے تو اوسپر خوش نہو تاکہ خدا اوسکو اچھا اور تجھے مبتلا نکرے۔
دنیا مین ایسا رہ جیسے کہ تو مسافر یا راستہ سے گذرنے والا اور اپنے آپکو مردون سے سمجہ۔
کسی چیز سے تیری محبت اندہا اور بہرا کر دیتی ہے۔
آدمی اوسکے ساتھ ہے جسکو دوست رکہتا ہے

عہ مع مبنی بالسکون ... لسکن کذا فی الصراح وقال ابن مالک فی الالفیۃ مع مع فیہا قلیل ونقل الخ

باب سوم در نظم ترجمهٔ چهل حدیث از اربعین امام نووی و مولانا شاه ولی الله دهلوی رحمهما الله القوی وغیرهما من کتب الاحادیث النبویه علی صاحبها الصلوٰة والتحیه

بگفته نبی سرور کائنات — علیه مع الآل ازکی الصلوٰة

بود حکمت گمشده یک عزیز — بهرجا که دریابیش گیر تیز (۱)

نگهدار مابین فکین خویش — که برهم نه مالی توکفین خویش (۲)

پے ضامن شرمگاه و زبان — شوم ضامن بوستان جنان (۳)

خموشی که ستر جهالت بود — فزون فضل او از عبادت بود (۴)

خموشیست آرایش عاقلان — سر خلقهای نکو در جهان (۴)

نگر پیش ازان دم که نزد خدا — نگردد قبول از خلائق دعا (۵)

کنید امر معروف و نهی از امور — که منکر بدانندش اهل شعور (۵)

(۱) كلمة الحكمة ضالة المؤمن اينما وجدها فهو احق بها رواه ابن ماجه

(۲) كف هذا عليك واخذ بلسانه وقال صلعم رواه الترمذي البلاء موكل بالمنطق رواه القضاعي - من صمت نجا رواه احمد

(۳) من يضمن لي ما بين لحييه وما بين رجليه اضمن له الجنة رواه البخاري -

(۴) الصمت ارفع العبادة والصمت زين للعالم وستر للجاهل الصمت سيد الاخلاق رواه الديلمي وابن حبان

(۵) مروا بالمعروف وانهوا عن المنكر قبل ان تدعوا فلا يستجاب لكم رواه ابن ماجه

حکمت اور عقلمندی کی بات مسلمان کی گم کی ہوئی شے ہے جہاں پاوے وہ اوس کا زیادہ حق دار ہے

اپنی زبان کو روک - بلا مقرر ہی بات کرنے پر -

جو شخص چپ رہا نجات پایا -

جو شخص ضامن ہو میرے لیے اوس چیز کا جو درمیان اوسکے دونوں جبڑوں اور دونوں رانوں کے ہیں میں اوسکے لیے جنت کا ضامن ہوتا ہوں

خاموشی بلند ترین عبادت ہے اور خاموشی عالم کی زینت جاہل کی پردہ پوش اور اخلاق کی پیشوا ہے -

اچھی باتوں کا حکم کرو اور بری باتوں سے منع کرو قبل اسکے کہ دعا کرو اور قبول نہ ہو

بود بہتر مردمان آن کسے — کہ نفعش رساند بمردم (۱) بسے

سعید آنکہ عبرت گرفت از دگر (۲) — بہر گردش دہر دارد نظر

ہر آنکس کہ او سرور قوم ہست — بلا شبہ او چاکر قوم ہست (۳)

کے آنکس کند شکر خالق ادا — کہ مر شکر مخلوق نارد بجا (۴)

بمسلم نباشد ز مسلم حلال — زیادہ ز سہ روز ترک مقال (۵)

اگر بہرہ یابی شدت از شعور — بکتمان مدد جوے اندر امور (۶)

خطا کار باشد اگر یار تو — خطا راہ یابد در اطوار تو (۷)

صفای بآئین دین لازم است — کہ ہر مسلم آئینہ مسلم است (۸)

کرستے چو از معشری آیدت — بدل عز و اکرام او بایدت (۹)

زمانیست آنکس کہ حظی نبرد — ز عز بزرگان و الطاف خرد (۱۰)

(۱) خیر الناس انفعهم للناس رواه القضاعی

(۲) السعید من اتعظ بغیره رواه الدیلمی

(۳) سید القوم خادمهم رواه الدیلمی

(۴) لا یشکر الله من لا یشکر الناس رواه احمد

(۵) لا یحل لمسلم ان یهجر اخاه فوق ثلاث اخرجه الطبرانی

(۶) استعینوا علی الحوائج بالکتمان رواه القضاعی

(۷) المرء علی دین خلیله رواه ابو داؤد

(۸) المسلم مرآة المسلم رواه ابن منیع

(۹) اذا جاءکم کریم قوم فاکرموه رواه ابن ماجه

(۱۰) لیس منا من لم یرحم صغیرنا و یوقر کبیرنا اخرجه الطبرانی

بہتر آدمی وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع پہنچاوے

نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے عبرت حاصل کرے

سردار قوم کا خدمت گذار قوم کا ہوتا ہے۔

خدا کا شکر نہیں کرتا وہ شخص جو بندوں کا شکر گذار نہیں

کسی مسلمان کو جائز نہیں کہ اپنے بھائی مسلمان کو تین روز سے زیادہ چھوڑ دے

مدد چاہو پوشیدہ طور سے حاجتوں پر کیونکہ اکثر حاسدین ہوا کرتے ہیں

آدمی اپنے دوست کے طریقہ پر ہو جاتا ہے

مسلمان مسلمان کا آئینہ ہے دل صاف کرو اور عیب بتلادو

جب تمہارے پاس کسی قوم کا سردار آوے تو اس کی تعظیم کیا کرو

جو شخص چھوٹے پر رحم نہ کرے اور بڑے کی تعظیم نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں

بحشر و خدا آنکه ایمان اوست ‏ ‏ برو عزت جار و مهمان اوست (۱)

اگر از خود و قدر خود واقفی ‏ ‏ نگردی هلاک و ز حق عارفی (۲)

مکن تا توانی ز روی نیاز ‏ ‏ به پیش کسان دست خود را دراز (۳)

بود دست بالا نکوتر ز پست ‏ ‏ تفاوت درین هر دو هست آنچه هست (۴)

قریب است فقر از علم بر کشد ‏ ‏ که تا غایت کفر آن سر کشد (۵)

چو وا شد در رزق محکم بگیر (۶) ‏ ‏ مران خشم بر هیچ برنا و پیر (۷)

نباشد بر اهل دانش خبر ‏ ‏ چو آن شئے که می بگذرد از نظر (۸)

بود کافی از بهر کذب بشر ‏ ‏ که گوید هر آنچه شنید از خبر (۹)

مجالس امانات هستند زفت ‏ ‏ خیانت نباید بحرفی که رفت (۱۰)

---

(۱) من کان یؤمن بالله والیوم الآخر فلیکرم جاره
ومن کان یؤمن بالله والیوم الآخر فلیکرم ضیفه اخرجه الشیخان

(۲) من عرف نفسه فقد عرف ربه و ما هلک امرء عرف قدره

(۳) لا تسئلوا الناس شیئا رواه الدیلمی

(۴) الید العلیا خیر من الید السفلی

(۵) کاد الفقر ان یکون کفرا رواه ابن منیع

(۶) اذا فتح لاحدکم باب الرزق فلیلزمه رواه البیهقی

(۷) لا تغضب (قال رجل عنه صلعم اوصنی مرارا فقال لا تغضب)

(۸) لیس الخبر کالمعاینة اخرجه الطبرانی

(۹) کفی بالمرء کذبا ان یحدث بکل ما سمع رواه مسلم

(۱۰) المجالس بالامانة رواه الترمذی

جو شخص ایمان لایا اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر اپنے ہمسایہ کی تکریم کرے
